سلسلہ

احادیث صحیحہ (اردو)

تحقیق:

فضیلۃ الشیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ وتبویب وفوائد

استاذ الحدیث ابو الحسن عبدالمنان راسخ حفظہ اللہ

استاذ العلماء ابو میمون محفوظ احمد اعوان حفظہ اللہ

مکتبہ قدوسیہ

maktabaquddusia.com

سلسلۂ احادیث صحیحہ (اردو)

جلد اوّل

تحقیق:

فضیلۃ الشیخ محمد ناصر الدین البانی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ، تبویب و فوائد

استاذ الحدیث ابو الحسن عبد المنان راسخ حفظہ اللہ

استاذ العلماء ابو میمون محفوظ احمد اعوان حفظہ اللہ

مکتبہ قدوسیہ

maktabaquddusia.com

فہرست ابواب جلد اول

اخلاق، نیکی اور صلہ رحمی کا بیان

باب: مہاجرین کا آپس میں بھائی چارہ ۴۱
جب حیا نہ رہے تو جو مرضی کر ۴۱
مریض کی عیادت کرنا اخلاق کا حصہ ہے ۴۲
اللہ کے ہاں لوگوں میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ ۴۲
چغل خوری لوگوں کے درمیان باتیں منتقل کرنا ہے فساد کی غرض سے ۴۳
ان اعمال کا بیان کہ جو جہنم سے دور کرتے ہیں ۴۳
سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو دین کو زیادہ سمجھنے والا ہے .. ۴۴
رشتہ داری جوڑنے کا حکم ۴۵
ترازو میں سب سے وزنی نیکی اچھا اخلاق ہے ۴۵
غصہ کی ممانعت کا بیان ۴۵
برائی کا بدلہ اچھائی کے ساتھ دینے کی اہمیت ۴۶
لوگوں میں سب سے بہتر کون؟ ۴۸
زبان کی مذمت کا بیان ۴۸
خادم کے ساتھ احسان کرنے کا بیان ۴۹
نرمی کا داخل ہونا اللہ کی طرف سے بھلائی ہے ۴۹
اپنے بھائی سے محبت کا اظہار کرنا بہتر ہے ۴۹
خوابوں کے آداب کا بیان ۵۰
خادم کو کھانا کھلانے کی ترغیب کا بیان ۵۰
اپنے بھائی پر اسلحہ لہرانا موجب لعنت ہے ۵۰
کامیابی والے چند امور کا بیان ۵۱
اعوذ باللہ کے ساتھ غصہ کے ٹھنڈا ہونے کا بیان ۵۲
باب: مسلمان کے ساتھ مصافحہ کی فضیلت ۵۲
میت کی طرف سے حج کرنے کا بیان ۵۳
باب: صلہ رحمی کا حکم ۵۳
غلاموں کے ساتھ احسان کرنے کی ترغیب کا بیان ۵۴
عورتوں کی دبروں کی مباشرت کرنے کی حرمت کا بیان ... ۵۴
نرمی کی ترغیب کا بیان ۵۵
چھ چیزوں کی حفاظت جنت کی ضمانت ۵۵
جائز امور میں والد کی اطاعت ضروری ہے ۵۵
رسول اللہ ﷺ کی وصیت کا بیان ۵۶
رشتہ داری جوڑنے کی اہمیت کا بیان ۵۶
خادم کو ایک دن میں ستر مرتبہ معاف کرنے کا بیان ۵۷
رسول اللہ ﷺ کی وصیتوں میں سے ۵۷
اپنے بھائی کو خوش کرنا افضل اعمال میں سے ہے ۵۷
افضل ترین صدقہ آپس میں صلح کروانا ۵۸
غیبت کے حرام ہونے کا بیان ۵۸
اچھے اخلاق کی فضیلت کا بیان ۵۹
باب: حسن اخلاق اور ملنساری کا بیان ۶۰
قریب کرنے والے، آسانی کرنے والے اور نرمی کرنے والے پر آگ حرام ہے ۶۰

maktabaquddusia.com

لوگوں کے درمیان صلح کروانے کی فضیلت کا بیان ۶۰
غصہ کو روکنے کی ترغیب کا بیان ۶۱
جنتی اور جہنمیوں کا بیان ۶۲
عضہ وہ چغل خوری ہے' کہ جو لوگوں کے درمیان فساد ڈال دے ۶۳
میاں بیوی کے تنہائی کے معاملات کو افشاء کرنے کی مذمت ۶۴
بچیوں کے لیے دف بجانے کی اجازت کا بیان ۶۵
جھوٹ کی ایک قسم کا بیان ۶۵
خطباء کا یہ کہنا کہ ۶۶
یتیم کے ساتھ احسان کرنے کا بیان ۶۷
دو محبت کرنے والوں سے نرمی کرنے کا جواز ۶۷
آنکھوں کے ساتھ اشارہ کرنے کی کراہت کا بیان ۶۸
سیدنا ابوذرؓ کو نبی ﷺ کی چیدہ چیدہ نصیحتیں ۶۸
خادموں کے ساتھ احسان کرنے کی ترغیب کا بیان ۷۰
اچھے اخلاق کی فضیلت کا بیان ۷۰
آپس میں فخر کرنے کی حرمت کا بیان ۷۱
بلاشبہ اللہ تعالیٰ بلند اخلاق سے محبت اور برے اخلاق سے نفرت کرتا ہے ۷۱
رشتہ داری توڑنے والے کی مذمت کا بیان ۷۱
لا الٰہ الا اللہ کی تصدیق کی فضیلت کا بیان ۷۲
ایمان کی توفیق اللہ کی محبت کی علامت ہے ۷۲
ظالم کو ڈھیل دینا اللہ کی طرف سے مہلت ہے ۷۳
فقراء کی فضیلت اور متکبرین کی مذمت کا بیان ۷۳
اللہ کی وصیت ماؤں اور قریبی رشتہ داروں کے متعلق ۷۴
جنتیوں اور جہنمیوں کا بیان ۷۴
لوگوں میں اللہ کے سب سے زیادہ نزدیک وہ ہے جو سلام پہلے کرتا ہے ۷۵
اللہ تعالیٰ دنیا میں جس چیز کو بلندی دیتا ہے اس کو پستی بھی ضرور دیتا ہے ۷۵
خیر اور شر والی صفات کا بیان ۷۵
پاکباز اور وفا کرنے والے اللہ کے بہترین بندے ہیں ... ۷۶
غیبت کسی شخص کی ایسی بات کرنا کہ جس کا سننا اس کو ناپسند ہو ۷۶
بیٹے کا والد کے لیے بخشش طلب کرنا جنت میں بلندی کا سبب ہے ۷۷
اچھے اخلاق کی فضیلت کا بیان ۷۷
صلہ رحمی کی اہمیت کا بیان ۷۸
باب: صلہ رحمی کی فضیلت ۷۸
روح' روح کے ساتھ ضرور ملتی ہے ۷۸
امارت لینے کی کراہت کا بیان ۷۹
انبیاء کرام پر تکلیفوں کا بیان ۷۹
باب: قطع تعلقی کے باوجود صلہ رحمی کی فضیلت ۸۰
رسول اللہ سے حقیقی محبت کا بیان ۸۰
حیاء کی اہمیت کا بیان ۸۱
نرمی اور شفقت کرنے والے اللہ کے محبوب بندے ہیں ... ۸۲
باب: اللہ کے لیے آپس میں محبت کرنے والوں کی صفات اور اللہ کے نزدیک ان کا مقام ۸۲
سیدھے سادے با اخلاق مسلمان کی فضیلت کا بیان ۸۳
لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائشیں انبیاء پر آتی ہیں ... ۸۴
سب سے بڑے جھوٹ کا بیان ۸۴
اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنہوں

maktabaquddusia.com

نے موسیٰ کو تکلیف دی' کی تفسیر کا بیان ۸۴
جس نے کسی کافر کو قتل کیا' تو اس کے لیے ہی اس کا سلب ہے ۸۶
اللہ کے لیے محبت کرنے والوں کی فضیلت واہمیت کا بیان . ۸۷
باب: نبی ﷺ کی تواضع اور سخاوت کا بیان ۸۷
رسول اللہ کا امور غیب کے متعلق خبر دینے کا بیان ۸۸
عمدہ اخلاق کی اہمیت کا بیان ۸۸
اچھے اور برے دوست کی مثال ۸۸
اچھے اخلاق کی توفیق اللہ ہی دیتا ہے ۸۹
خوش کلامی اور کھانا کھلانے کی ترغیب کا بیان ۹۰
غلام اور باپ سے عورت کو پردے کرنا لازم نہیں ہے ۹۰
صلہ رحمی اور نرمی کی فضیلت کا بیان ۹۰
الزام سے ڈرنے کا بیان ۹۱
کتنی بات غیبت کے لیے تجھ کو کافی ہے؟ ۹۱
سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی رسول اللہ ﷺ سے محبت کا دلکش انداز . ۹۲
جنتیوں اور جہنمیوں کا بیان ۹۲
اللہ سے حیاء کرنے کا بیان ۹۳
باب: راستے کے آداب ۹۳
بکریوں کو چرانے والے پیغمبروں کا بیان ۹۴
باب: صلہ رحمی کے حصول کے لیے قلیل ترین عمل ۹۴
اس چیز کا بیان جو لوگوں کو کثرت کے ساتھ جنت اور جہنم میں داخل کرے گی ۹۴
اہل خیر اور شر میں سے تین تین آدمیوں کا بیان ۹۵
تین افراد کی طرف اللہ قیامت کے دن نہیں دیکھے گا ۹۵
حیاء ایمان کا حصہ ہے ۹۶
رحمت کا دل میں نہ ہونا سراسر نقصان ہے ۹۶
منافق میں دو خوبیوں کے جمع نہ ہونے کا بیان ۹۷
دین کی سمجھ اور اچھے اخلاق کی فضیلت کا بیان ۹۷
لوگوں میں سب سے اچھا وہ ہے جو کھانا کھلائے ۹۷
حقوق العباد کی اہمیت کا بیان ۹۸
والد کی رضامند اور ناراضی کی اہمیت کا بیان ۹۸
رحمت اور صلہ رحمی کی فضیلت کا بیان ۹۹
حقیقی غنی تو دل کا غنی ہے ۹۹
مسلمان کو گالی دینے اور لڑائی کرنے کی مذمت کا بیان ۱۰۰
باب: نبی ﷺ کی تواضع اور حسن خلق کا بیان ۱۰۰
برائی کا بدلہ نیکی کے ساتھ دینے کی ترغیب کا بیان ۱۰۱
باب: آیت (وکلا نسان) کی تفسیر ۱۰۱
بالوں کو رنگتے ہوئے سیاہ رنگ سے اجتناب کرنا ۱۰۱
باب: اولاد میں لڑکوں اور لڑکیوں کے درمیان یکساں سلوک کرنے کا بیان حتیٰ کہ بوسہ لینے میں بھی ۱۰۲
باب: منافق کی نشانیاں ۱۰۲
صلہ رحمی کی اہمیت کا بیان ۱۰۲
باب: قیلولہ کا حکم ۱۰۳
یتیم کی کفالت کرنے کی فضیلت ۱۰۳
شعر آپ ؐ کو سب سے زیادہ ناپسندیدہ تھے ۱۰۳
باب: اجازت لینے کا طریقہ ۱۰۴
آپ ﷺ کا چلنا کیسا تھا ۱۰۴
آپ ﷺ اہل وعیال اور بچوں پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے تھے ۱۰۴
آہستہ دروازہ کھٹکھٹانا اجازت کے آداب میں سے ہے ... ۱۰۴
اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لائے تو تحقیق کرلیا کرو.....کی تفسیر کا بیان ۱۰۵

maktabaquddusia.com

عرض ناشر

ہر مسلمان کی یہ دلی آرزو ہوتی ہے کہ قیامت کے دن کی منزلیں اس کے لیے آسان ہو جائیں۔ اس کے لیے وہ بساط بھر جدوجہد کرتا ہے۔ یوم الحساب نبی کریم ﷺ کی شفاعت کا حصول ایک مسلمان کی آرزو بھی ہے اور امید بھی۔

نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ کی خدمت ان شاء اللہ تعالیٰ روز قیامت آپ کی شفاعت کا سبب ہوگی۔ آئمہ کرام اور محدثین عظام نے اپنی زندگیاں اس مقصد کے لیے وقف کیے رکھیں' احادیث رسول (ﷺ) کی جمع و تدوین سے لے کر راویان حدیث کی چھان پھٹک تک یہ سارا کام ایک محیر العقول کارنامہ تو ہے ہی لیکن محبت کا ایک بے مثال مظہر بھی ہے۔[1]

دور حاضر میں شیخ ناصر الدین البانی رحمہ اللہ نے احادیث کی تحقیق اور تخریج کا جو شاندار کام کیا ہے' ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ ''سلسلة الاحاديث الصحيحة'' اور ''سلسلة الاحاديث الضعيفة و الموضوعة'' ان کی دو عظیم الشان تصانیف ہیں۔

سلسلة الاحاديث الصحيحة کا اردو ترجمہ مکتبہ قدوسیہ کی شان دار روایت کے مطابق آپ کے ہاتھ میں ہے۔ الحمدللہ مکتبہ قدوسیہ اس سے پہلے احادیث کی کتنی ہی کتب کے تراجم اور شروحات اردو اور عربی زبان میں شائع کر چکا ہے' جن میں انجاز الحاجہ شرح ابن ماجہ از مولانا محمد علی جانباز رحمہ اللہ ' صحیح بخاری ترجمہ و شرح مولانا محمد داؤد راز دہلوی رحمہ اللہ ' مشکاۃ المصابیح ترجمہ و شرح مولانا محمد صادق خلیل' مولانا محمد اسماعیل سلفی' مولانا عبدالسلام کیلانی' علامہ البانی کے تلمیذ رشید فضیلۃ الاستاذ ابو اسامہ سلیم بن عبدالھلالی کی بہجۃ الناظرین شرح ریاض الصالحین' محدث العصر علامہ ڈپٹی سید احمد حسن محدث دہلوی کا حاشیہ بلوغ المرام اور سنن ابوداؤد مترجم ابوانس محمد سرور گوہر نمایاں ہیں۔

زیر نظر کتاب ''سلسلہ احادیث الصحیحہ'' کی تبویب محدثانہ اسلوب میں جناب مولانا عبدالمنان راسخ نے کی

---

[1] اس مقصد کے حصول کے لیے محدثین نے اس دور میں ہزاروں میل سفر کیے کہ جب سفر کرنا ایک پر صعوبت کام ہوتا تھا۔ ان گنت افراد کے حالات جمع کیے' ان سے ملاقات کی۔ ان افراد کے اخلاق' عادات' حافظے' دیانت و امانت غرضیکہ ان کی سیرت کے نقوش کو۔

[2] آپ نے محدثین کرام کی تعمیر کردہ بنیاد فن اسماء الرجال پر شاندار عمارت تعمیر کر دی۔

ہے جبکہ ترجمہ وفوائد کا کام بھی انہوں نے عمدہ انداز میں کیا ہے اور محترم مولانا محفوظ احمد اعوان نے اس کام میں ان کی معاونت کی ہے۔

اللہ رب العزت کا بے پناہ فضل وامتنان ہے کہ اس نے ہمیں علامہ محمد ناصر الدین البانی کی اس عظیم الشان کتاب کے ترجمہ کی اشاعت کی سعادت عطا فرمائی۔ ہم اس پر جس قدر شکر ادا کریں' وہ کم ہے۔ برادر عزیز جناب مولانا عبدالمنان راسخ کا خصوصی شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے ترجمے کے ساتھ ساتھ کئی ایک مقامات پر مختصر فوائد کا بھی اہتمام کیا۔ اور نہایت محنت اور خوش اسلوبی سے یہ کام انجام دیا۔ محترم مولانا محفوظ احمد اعوان نے اس کام میں ان کی معاونت کی۔ خدمت حدیث کے اس منصوبے کی تکمیل پر ہم اپنے فاضل مترجمین کے شکر گزار ہیں۔

ہمارے فاضل مترجمین کے علاوہ جن احباب نے اس عظیم خدمت حدیث میں ہمارے ساتھ کسی بھی اعتبار سے تعاون فرمایا ہے' ہم ان کی عافیت وسلامتی کے لیے دعا گو ہیں۔ اللہ رب العزت سے ہم دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں آئندہ بھی حدیث شریف کی خدمت کی توفیق عطا فرمائیں۔ ہمارے اس نیک عمل کو ہمارے والد مولانا عبدالخالق قدوسی شہید رحمہ اللہ کے لیے بلندی درجات کا ذریعہ بنائیں کہ جن کی تربیت کے نتیجے میں آج ہم اس قابل ہوئے۔

ربنا اغفرلی ولوالدین و للمومنین یوم یقوم الحساب

ابوبکر قدوسی

maktabaquddusia.com

عرض مترجم

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب اور دین اسلام کی بنیاد ہے۔ اس مختصر، جامع اور مقدس کتاب میں اکثر احکام و مسائل اجمالی طور پر بیان کیے گئے ہیں۔ جن کی تفصیل جانے بغیر اصل مقصود تک پہنچنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ ان گنت، لاتعداد درود و سلام ہوں حضرت محمد ﷺ پر کہ آپ نے ان اجمالی احکام و مسائل کی تفصیل اور عملی تفسیر اپنے پاکیزہ عمل و کردار اور ارشادات سے واضح فرمائی۔

رضا و رحمت کی بارش ہو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر کہ ان نفوس قدسیہ نے ان تفصیلات و تشریحات کو دیکھا، سنا، سمجھا، لکھا اور ان پر عمل کرتے ہوئے اس قیمتی ورثہ کو آگے تابعین کرام میں منتقل فرما دیا۔ اور پھر تابعین عظام، تبع تابعین کرام نے بڑی محنت و جانفشانی سے سفر و حضر کی تمام صعوبتوں کو برداشت کرتے ہوئے احادیث مبارکہ کے حفظ و ضبط، درس و تدریس اور اشاعت و تحریر کا مستقل بنیادوں پر اہتمام فرمایا۔ اور الحمدللہ آج یہ ذخیرۂ حدیث جوں کا توں مکمل امت مسلمہ کے پاس صحیح اسانید کے ساتھ محفوظ ہے۔ والحمدللّٰه علی ذلك حمدًا كثيرًا

ذخیرۂ حدیث کی حجیت و قطعیت، حفاظت و صداقت اور وسعت و عالمگیریت ایک حقیقت معترفہ ہے اور جن جلیل القدر رفیع الشان اور عظیم المرتبت تابعین و محدثین کی محنت و ریاضت، امانت و دیانت اور عقیدت و مسئولیت کے نتیجے میں یہ عظیم سرمایہ امت مسلمہ کو نصیب ہوا اس کی تفصیلات کتب علوم الحدیث، کتب جرح و تعدیل اور کتب اسماء الرجال میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ اس قافلہ حدیث کے ہر راہی کا ذکر خیر، کہ اس نے ضبط حدیث کو کس طرح اپنا محبوب ترین مشغلہ بنایا، تاریخ اسلام کے روشن باب میں آج بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ بنظر غائر ان کتب کا مطالعہ کرنے کے بعد حدیث کی عظمت و حجیت سے انکار کرنا چڑھتے سورج کے انکار کے مترادف ہے۔

امام البانی رحمہ اللہ اور سلسلہ احادیث صحیحہ

جمال بے مثال ہو تو الفاظ کے سانچوں میں ڈھال کر تعریف کرنا مشکل ہو جاتی ہے اور اگر جمال حسن اعمال و مصفیٰ کردار کے اجزائے ترکیبی سے تخلیق کیا گیا ہو تو احاطہ مشکل تر بلکہ بعض اوقات ناممکن ہو جاتا ہے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے اولادِ آدم میں انبیاء و رسل کے علاوہ کچھ ایسے ارباب عقل و دانش اور صاحب علم و فضل بھی پیدا فرمائے جن کا تذکرہ خیر اور ذکر جمیل مشک و عنبر سے زیادہ حیثیت رکھتا ہے۔